## تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October, 26,2022

# پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بارہ ریسرچ اسکالر پی ایم آر ایف سے سرفراز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لیے یہ امر باعث افتخار ہے کہ مئی دو ہزار بائیس مہم کی لیٹرل انٹری اسکیم کے تحت جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بارہ ریسرچ اسکالرز وزیر اعظم ریسرچ فیلوشپ (پی ایم آر ایف) کے موقر اعزاز سے سرفراز کیے گئے ہیں۔یونیورسٹی نے اس مرتبہ زبردست مظاہرہ کرتے ہوئے دسمبر دو ہزار بیس کے لیٹرل انٹری اسکیم کے تحت گزشتہ دو ہزار اکیس کے چھے ریسرچ اسکالروں کے مقابلے میں بارہ ریسرچ اسکالروں نے کامیابی حاصل کی ہے۔ مئی دو ہزار بائیس کی مہم میں لیٹرل انٹری اسکیم کے تحت منتخب طلبا،سفارش کرنے والوں کے نام اور شعبوں اور مراکز کے نام حسب ذیل ہیں:

ندیم احمد، سفارش کردہ از پروفیسر قمر الحسن، سول انجینئرنگ،

محمد عارض، سفارش کردہ از پروفیسر طارق الاسلام، الیکٹریکل انجیئرنگ

محمد مسعود، سفارش کردہ از پروفیسر محفوظ الحق، بایو ٹکنالوجی

گلناز تبسم، سفارش کردہ از ڈاکٹر کپل دیو، بایو ٹکنالوجی

عائشہ ایمان، سفارش کردہ از پروفیسر سیمی فرحت بصیر، بایو سائنس،

سکینہ مسرت، سفارش کردہ از ڈاکٹر رفیق احمد، سی این این،

مدثر یونس صوفی، سفارش کردہ از محمد اجمل خان، طبعیات،

شاہ مشیر العالم، سفارش کردہ از ڈاکٹر جاوید علی، طبعیات،

شیلی بھاردواج، سفارش کردہ از ڈاکٹر امت کمار، کیمیا،

اسنیہا شکلا، سفارش کردہ از پروفیسر سیف۔اے۔چودھری، کیمیا،

عبد الصمد، سفارش کردہ از ڈاکٹر شمع پروین۔ سی آئی آر بی ایس سی، اور

نوحا عبیر خان، سفارش کردہ از ڈاکتر موہن۔ سی۔ جوشی ایم سی اے آر ایس

جامعہ کی بہترین کارکردگی پر نازاں وفرحاں پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پی ایم آر ایف کو آرڈی نیٹر پروفیسر عبد القیوم انصاری کو مبارک باد دی اور اس شاندار کامیابی کے لیے ان کی کوششوں کی ستائش کی۔

کامیاب امیدواروں کے لیے نیک خواہشات اور تمناؤں کو اظہار کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ 'جامعہ افضلیت کے لیے اپنی شناخت رکھتی ہے اور ترقی کی اعلی سے اعلی منازل تک پہنچنے کے لیے اپنے طلبا کی ہر ممکن مدد کرنے کی بھرپور کوشش کرتی ہے۔یہ مظاہرہ بتاتا کہ یونیورسٹی اعلی معیار کی تحقیق پر توجہ دیتی ہے اور مجھے خصوصی طور پر اس بات سے خوشی ہے کہ بارہ کامیاب طلبا میں چھے لڑکیاں ہیں۔مجھے امید ہے کہ اس سے عمومی طور پر تمام طلبا کو اور خاص طور پر لڑکیوں کو سائنس اور انجینئرنگ ریسرچ میں بہتر کرنے کی تحریک ملے گی۔'

پی ایم آر ایف کو آرڈی نیٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر عبدالقیوم انصاری نے کہا کہ ان ریسرچ اسکالروں میں سے ہر ایک کو فیلوشپ کی رقم کے طور پر پہلے دو سال ستر ہزار روپے ملے گیں، پچھتر ہزار روپے تیسرے سال ملیں گے اور اسّی ہزار روپے چوتھے اور پانچویں سال کے لیے ملے گیں۔ علاوہ ازیں پی ایم آر ایف اسکیم کے تحت ان میں سے ہر ایک طالب علم کو فی سال دو لاکھ کی ریسرچ گرانٹ بھی ملے گی (مجموعی طور پر کل پانچ (سال کے لیے دس لاکھ روپے

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی